1989ء سے مسلسل اشاعت | 13 نومبر تا 19 نومبر 2020 | شمارہ نمبر 48 | جلد نمبر 32

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

ANM AN M TRADING CO
Importer : Paper & Paper Board
Deals in:
OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND
Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)
COATED ART PAPER & ART CARD
1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین




BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM™

ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · ISO9001 · ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 20 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# چائنا اور انڈونیشیا کے پیپر و پیپر بورڈ کی درآمدی قیمتوں میں 40 ڈالر فی ٹن تک اضافہ

## چائنا کے کاربن لیس، پیکیجنگ بورڈ اور کوٹڈ پیپر، انڈونیشیا کے آفسیٹ پرنٹنگ و فوٹو کاپیئر پیپر اور بریف کارڈ کی قیمتوں میں بھی اضافہ

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) بین الاقوامی سی این ایف پرائس سروے کے مطابق اس ہفتے قیمتوں میں تیزی کا رجحان دیکھا گیا۔ مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق چائنا اور انڈونیشیا کے مختلف اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں ہونے والی تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا: آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے ریلز 70 گرام، 570 ڈالر سے بڑھ کر 600 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ آئی کے شیٹ 70 گرام، 620 ڈالر سے بڑھ کر 650 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ انڈیگو شیٹ 60 گرام 620 ڈالر سے بڑھ کر 640 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ انڈیگو ریلز 580 ڈالر سے بڑھ کر 610 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ پی پی سی گرے، کاپی میٹ 75، 70 اور 80 گرام، 595 ڈالر سے بڑھ کر 625 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپیئر باکسز بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 70 گرام، 640 ڈالر سے بڑھ کر 680 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 80 گرام، 630 ڈالر سے بڑھ کر 670 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ آئی کے اوریجنل وائٹ 640 ڈالر سے بڑھ کر 680 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ پنڈو ڈیلی گولڈن کوئن 720 ڈالر سے بڑھ کر 750 ڈالر فی میٹرک ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا / چائنا: کاربن لیس پیپر امپریشن CFB، 2000۔1370 ڈالر سے بڑھ کر 1400 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ امپریشن CB، 2000۔1290 ڈالر سے بڑھ کر 1320 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ امپریشن CF، 2000۔1190 ڈالر سے بڑھ کر 1220 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار CFB، ۔1270 ڈالر سے بڑھ کر 1300 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار CB، ۔1190 ڈالر سے بڑھ کر 1220 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار CF، ۔1100 ڈالر سے بڑھ کر 1130 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ پیکیجنگ بورڈ، ننگبو گولڈ کی شیٹس 775 ڈالر سے بڑھ کر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 765 ڈالر سے بڑھ کر 840 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ ننگبو گولڈ ہائی بلک کی شیٹس 810 ڈالر سے بڑھ کر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 800 ڈالر سے بڑھ کر 840 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ ننگبو اسٹار کی شیٹس 825 ڈالر سے بڑھ کر 875 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 815 ڈالر سے بڑھ کر 865 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ کوٹڈ پیپر چائنا نیویا 660 ڈالر سے بڑھ کر 680 ڈالر فی ٹن ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

# مجید میمن کے لئے ''تم سے ہے پاکستان'' ایوارڈ



کراچی (نیوز ڈیسک) 8 نومبر 2020 کو آرٹس کونسل کراچی میں تم سے ہے پاکستان ایوارڈ تقریب کا شاندار پروگرام منعقد کیا گیا۔ جس میں مختلف شعبہ ہائے جات سے تعلق رکھنے والے افراد کو ان کے شعبے میں نمایاں کارکردگی دکھانے پر یہ ایوارڈ دیا گیا۔ معروف تاجر رہنما سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، سابق سینئر نائب صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عبدالمجید میمن کو ''تم سے ہے پاکستان'' ایوارڈ دیا گیا معروف تاجر محمد سعید نے ان شخصیات کو ان کے شعبوں میں خدمات سرانجام دینے پر خراج تحسین پیش کیا۔ معروف اینکر و صدر کلین اٹ ویلفیئر اور تم سے ہے پاکستان کے روح رواں ساجد حسین نے کہا کہ ملک کی معروف نامور شخصیات کو خراج تحسین پیش کرنے کا مقصد ان لوگوں کی حوصلہ افزائی ہے جو ملک و قوم کی بے لوث خدمت کر رہے ہیں۔ یہ میری ایک چھوٹی سی کاوش ہے جس میں میرے ساتھ تعاون کرنے والے تمام افراد کا مین تہہ دل سے مشکور و ممنون ہوں۔ دریں اثناء پیپر مرچنٹس نے عبدالمجید میمن کو تم سے ہے پاکستان ایوارڈ ملنے پر مبارکباد دی ہے۔

# خامس سعید اور محمد انیس کے ایف پی سی سی آئی کی انتخابی فہرست میں نام شامل

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف پی سی سی آئی الیکشن شیڈول 2021 کے حوالے سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) نے سال 2021 کے لیے 4 نومبر 2020 کو ایف پی سی سی آئی کی جنرل باڈی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے تجارتی اداروں کے نامزد افراد کی عبوری فہرست کا اعلان کر دیا۔ یہ فہرست ایف پی سی سی آئی کی ویب سائٹ پر شائع کی گئی ہے اور ممبر ٹریڈ باڈیز، ممبران الیکشن کمیشن، ریگولیٹری اوز، اور پاکستان بھر کے نامزد امیدواروں کو بھی ای میل، کوریئر اور واٹس ایپ کے ذریعے فراہم کر دی گئی ہے۔ اس فہرست میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے ایگزیکٹو کمیٹی اور جنرل باڈی کے لئے خامس سعید بٹ (لاہور) اور جنرل باڈی کے لئے محمد انیس (کراچی) نامزد کئے گئے تھے ان کے نام بھی اس فہرست میں شامل ہیں، اعتراضات کی سماعت کے بعد حتمی فہرست دسمبر میں جاری ہوگی۔

## خامس سعید بٹ کی خوشدامن کا انتقال


لاہور (نمائندہ خصوصی) بزنس مین گروپ لاہور کے چیئرمین خامس سعید بٹ کی خوشدامن 6 نومبر کو گوجرانوالہ میں انتقال کر گئیں، ان کی نماز جنازہ 7 نومبر کو ادا کی گئی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# نیو یا آرٹ پیپر کی کلیئرنس بدستور معطل، کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے مقاصد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چائنا سے درآمد ہونے والے نیو یا آرٹ پیپر کے درآمد کنندگان بدستور مشکلات میں ہیں کیونکہ کسٹم نے اس کی کلیئرنس روک رکھی ہے۔ٹریڈ انٹرنیشنل کی 16 اکتوبر کی شکایت کے نتیجے میں شروع ہونے والی کارروائی اب تک پایہء تکمیل تک نہیں پہنچ سکی ہے اور نیو یا کی کلیئرنس ابھی تک نہیں ہوسکی ہے۔ یہ کارروائی کسٹم انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن نے شروع کی تھی اور اسے مزید کارروائی کے لئے کسٹم اپریزمنٹ کو بھی بھیج رکھا ہے۔زیر تنازعہ شکایت کے حوالے سے جب گوگل سرچ انجن پر کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے مقاصد کو تلاش کیا گیا تو یہ سامنے آیا جو ذیل میں دیا جا رہا ہے۔




سب سے پہلے یہ طباعت شدہ مواد کو زیادہ چمکدار اور روشن بنا دیتا ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ عام طور پر بروشرز، چمکدار تصاویر، کتابچے اور دیگر کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ دوسرا کوٹنگ اس بات پر پابندی عائد کرتی ہے کہ کاغذ سیاہی کیسے جذب کرتا ہے، جس سے سیاہی کو بہنے سے بچنے میں مدد ملتی ہے۔

First, it makes the printed material more shiny and bright, which is why it is typically used for brochures, glossy photos, booklets, and more. Second, the coating restricts how the paper absorbs ink helping to prevent the ink from bleeding.

## لاہور چیمبر: حسن رضا شیخ کنوینز قائمہ کمیٹی پیپر بورڈ امپورٹ نامزد

لاہور (پیپر بزنس نیوز) اپسما نادرن زون کے اعزازی جنرل سیکریٹری حسن رضا شیخ کو لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی قائمہ کمیٹی برائے پیپر بورڈ امپورٹ کا کنوینز نامزد کیا گیا ہے جس



پر تاجر برادری بالخصوص پیپر کے کاروبار سے وابستہ افراد نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔حسن رضا شیخ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ تاجر برادری کی امیدوں پر پورا اتریں گے۔



چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا کا 8 نومبر 2020 کو دو روزہ دورے پر لاہور پہنچنے پر بزنس مین گروپ کے رہنما خامس سعید بٹ اور اعزازی جنرل سیکریٹری نادرن زون حسن رضا ان کا استقبال کر رہے ہیں اس موقع پر سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز کے جنرل منیجر محمد تنویر بھی موجود ہیں۔



حال ہی میں تعینات ہونے والے ڈی ایس پی ٹریفک حافظ عمران نے 9 نومبر کو دفتر اپسما نادرن زون کا دورہ کیا اور صدر خواجہ محمد الیاس اعزازی جنرل سیکریٹری حسن رضا سے ملاقات کی اس موقع پر بزنس مین گروپ کے رہنما خامس سعید بٹ بھی موجود ہیں۔

# پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر ساڑھے چھ ماہ کی کم ترین سطح پر

کراچی (بزنس ڈیسک) مقامی کرنسی مارکیٹوں میں منگل کو پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر گزشتہ ساڑھے چھ ماہ کی کم ترین سطح پر آ گئی جب کہ یورو کی قدر میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی اور برطانوی پاؤنڈ 50 پیسے مہنگا ہو گیا۔فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 10 نومبر کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 15 پیسے کی مزید کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 158.80 روپے سے گھٹ کر 158.65 روپے اور قیمت فروخت 158.90 روپے سے گھٹ کر 158.70 روپے پر آ گئی جب کہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 40 پیسے کی کمی سے 158.60 روپے سے گھٹ کر 158.20 روپے اور قیمت فروخت 158.90 روپے سے گھٹ کر 158.60 روپے ہو گئی۔ دیگر کرنسیوں میں یورو کی قیمت خرید 2 روپے کی نمایاں کمی سے 186.50 روپے سے گھٹ کر 184.50 روپے اور قیمت فروخت 188 روپے سے گھٹ کر 186.30 روپے ہو گئی جبکہ برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 50 پیسے کے اضافے سے 206.50 روپے سے بڑھ کر 207 روپے اور قیمت فروخت 208.50 روپے سے بڑھ کر 209 روپے ہو گئی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

HI - GRADE
PREMIUM PAPER

A4

21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2011-2012

IBM
ISO 9001.2015 CERTIFIED

FOR BOOKING CONTACT

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




5 PERCENT %

CUSTOM DUTY
BENEFITS AS PER
PTA CERTIFICATE

## CARBONLESS PAPER

### NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

For booking please contact

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk I saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ اور آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، اسٹیکر اور آفسیٹ آئی کے میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 11 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی اسٹیکر پیپر اور انڈونیشین آفسیٹ پیپر آئی کے کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ جبکہ مقامی آفسیٹ پیپر، مقامی ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ، لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 94 روپے سے کم ہو کر 91 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 84 روپے سے کم ہو کر 83 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 128 روپے، تمام سائز 68 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 128 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر منڈیالی ووڈ فری تمام سائز 63 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 125 روپے، تمام سائز 68 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 125 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ پریمیر پی کیو بی تمام سائز 68 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 132 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ رولیکس پیپر، تمام سائز 52 گرام، 90 روپے سے کم ہو کر 88 روپے، تمام سائز 53 گرام، 102 روپے سے کم ہو کر 100 روپے، تمام سائز 60 گرام، 104 روپے سے کم ہو کر 100 روپے، تمام سائز 63 گرام، 116 روپے سے بڑھ کر 120 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ہاک وائٹ تمام سائز 52 گرام، 86 روپے سے بڑھ کر 88 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 70 گرام، 460 روپے سے بڑھ کر 465 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC، A4، سائز 70 گرام، 470 روپے سے بڑھ کر 475 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC، A4 سائز 80 گرام، 600 روپے سے کم ہو کر 580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 480 روپے سے بڑھ کر 485 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز، 4500 روپے سے بڑھ کر 4550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر YMC چائنا، 20x30 سائز، 2175 روپے سے کم ہو کر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2175 روپے سے کم ہو کر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2175 روپے سے کم ہو کر 2125 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2175 روپے سے کم ہو کر 2125 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## پرانے آڈٹ کیسوں پر ایمنیسٹی دی جائے، جاوید مسعود

لاہور (نیوز ڈیسک) ٹیکسیشن کے نظام میں ایڈ ہاک ازم پالیسی نقصان کا باعث ہے، زونز اور افسران تبدیل ہونے سے ایگزیمپشن سرٹیفکیٹس التواء کا شکار ہونے سے ٹیکس دہندگان مشکلات سے دوچار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین اپیلٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو جاوید مسعود طاہر بھٹی نے ٹیکس کنسلٹنٹس کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ 2019 کے سال کو آڈٹ سے استثنیٰ سے ٹیکس دہندگان کو ریلیف دے کر حکومت اپنا اعتماد بحال کر سکتی ہے کیونکہ آڈٹ پالیسی 2019 بھی سابقہ آڈٹ پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ریونیو اہداف کو پورا کرنے کے لیے پرانے آڈٹ کیسوں پر ایمنیسٹی دے اور 2019 کی آڈٹ پالیسی کی بجائے 2019 کو آڈٹ سے استثنیٰ قرار دے تاکہ ٹیکس دہندگان کا اعتماد بحال ہو۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی شعبے میں ایڈ ہاک ازم پالیسی نقصان کا باعث ہوتی ہے اس لئے زمینی حقائق کے مطابق طویل المدت پالیسیاں بنائی جائیں۔

## پی آئی اے نے عمرہ پالیسی کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی فضائی کمپنی (پی آئی اے) نے پاکستان سے جدہ اور مدینہ منورہ جانے والی پروازوں کے لئے عمرہ پالیسی کا اعلان کر دیا ہے جو کہ 31 دسمبر 2020 تک لاگو رہے گی۔ ترجمان پی آئی اے عبداللہ خان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق کراچی سے اکانومی کلاس کا ریٹرن کرایہ بشمول ٹیکسز 91000 روپے ہوگا۔ پاکستان کے دیگر شہروں سے اکانومی کلاس کا کرایہ بشمول ٹیکس 96000 روپے ہوگا۔ جدہ اور مدینہ منورہ سامان کی زیادہ سے زیادہ حد 36 کلوگرام ہوگی۔ ایگزیکٹو اکانومی کے لئے بیگیج الاؤنس دو بیگ 40 کلوگرام مقرر کیا گیا ہے جبکہ شیر خوار کی مد میں 10 کلوگرام بیگیج الاؤنس کی اجازت ہوگی۔ مسافروں کو 5 لیٹر زم زم سامان کے ساتھ اضافی لانے کی اجازت بھی ہوگی۔ پی آئی اے نے گروپ بکنگ بھی شروع کر دی ہے جس کے تحت کم از کم 10 مسافروں کا گروپ ہونا لازمی ہوگا۔ تمام مسافروں کو سفر سے کم از کم 7 دن قبل ایک مفت چینج آف بکنگ کی اجازت بھی ہوگی۔ عمرہ کے ٹکٹ پی آئی اے نیٹ ورک پر فروخت کے لئے دستیاب ہیں۔

### توجہ فرمائیں......!

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔


FAIR TRADE (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# عوام کورونا وائرس کو شکست دینے کے لئے ماسک کا استعمال کریں، وزیراعظم کی اپیل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عوام سے اپیل ہے کہ کووڈ 19 مہلک بیماری ہے، ماسک کا استعمال اور ایس او پیز پر مکمل عمل پیرا ہو کر اس وبا کو شکست دی جاسکتی ہے، روزگار اور کاروباری امور کے علاوہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کا باعث بننے والے شعبوں پر مرحلہ وار پابندیاں عائد کی جائیں گی، حکومت بھی اس دوران کوئی عوامی اجتماع منعقد نہیں کرے گی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وفاقی وزیر اسد عمر نے کابینہ کو کرونا وبا کے حوالے سے موجودہ صورتحال کے بارے آگاہ کیا۔ کابینہ کو بتایا گیا کے کرونا وبا میں اضافہ کی شرح دیکھی جا رہی ہے جو تشویشناک ہے۔ وزیراعظم نے کابینہ کی وساطت سے قوم سے اپیل کی کے احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔ ماسک کے استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے این سی او سی کو ہدایت دی کے روزگار کے مواقع متاثر کیے بغیر لائن آف ایکشن مرتب کریں۔ اس موقع پر کابینہ نے اصولی فیصلہ کیا کہ حکومت اس دوران کوئی عوامی اجتماع منعقد نہیں کرے گی۔ وفاقی وزیر سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ جس طرح پہلے مرحلے میں وزیراعظم عمران خان کے ویژن کے مطابق بہترین انتظامات کے ذریعہ کووڈ 19 کو شکست دی گئی اسی طرح دوسری لہر میں بھی یہ ہی حکمت عملی اختیار کیا جائے گی۔

# مقامی کاروں کی قیمت میں ہوش ربا اضافہ، درآمد کی اجازت دی جائے، کار ڈیلرز

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک بھر میں گاڑیوں کی قیمتوں کو پر لگ گئے جس کی اہم وجہ گاڑیوں کی درآمد پر پابندی اور ڈالر ڈیوٹی ہے۔ پاکستان بھر میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کے باعث غریب کے ساتھ ساتھ متوسط طبقہ بھی شدید متاثر ہے، گاڑیوں کی دن بہ دن بڑھتی ہوئی قیمتوں نے اس میں مزید اضافہ کردیا اور قیمتیں اس قدر بڑھ گئی ہیں کہ عام کی پہنچ سے بہت دور ہوگئی ہیں۔ پاکستان میں 10 سے 12 لاکھ میں فروخت ہونے والی کار 18 سے 20 تک پہنچ گئی ہے جبکہ 15 سے 22 لاکھ میں ملنے والی گاڑی کی قیمت 31 لاکھ تک بڑھ گئی ہے جبکہ مارکیت سے گاڑیوں کے اسپیئر پارٹس کی خریداری بھی مسئلہ بن گئی ہے۔ ڈالر کی قدر میں مسلسل کمی کے باوجود گاڑیوں کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کرنے کے مترادف ہے۔ کار ڈیلر ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ نئی گاڑیوں میں کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ بیرون ممالک سے گاڑیوں کی درآمد پر پابندی کے باعث ہے اگر حکومت گاڑیوں کی درآمد پر پابندی ہٹادے تو مقامی گاڑیوں کی قیمتیں معمول پر آسکتی ہیں کیونکہ انہیں مقابل مل جائے گا۔ گفتگو کرتے ہوئے کار ڈیلر ایسوسی ایشن کے رہنما ایس ایم شہزاد نے کہا کہ حکومت عوام کو چوائس دے اور کمرشل امپورٹ کو کھولے تاکہ پاکستان میں موجود تین برانڈز اپنی گاڑیوں کی قیمتیں کم کرنے پر مجبور ہوں۔ انہوں نے گاڑیوں کی کوالٹی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ قیمتوں میں اضافے کے باوجود گاڑی کی کوالٹی کا کوئی معیار نہیں ہے اور گاڑیوں میں حادثات کے دوران حفاظت کا بھی کوئی انتظام نہیں ہے۔ کار ڈیلر ایسوسی ایشن کے رہنما کا کہنا تھا کہ 20 سے 25 لاکھ روپے مالیت کی کی گاڑیوں میں ایئر بیگس ہی موجود نہیں ہوتے اور ایئر بیگس لگوانے کے لیے 2 سے 3 لاکھ روپے کسٹمر کو الگ سے ادا کرنے پڑتے ہیں جبکہ جاپان میں بیس سال پرانی گاڑیوں میں بھی کم از کم دو ایئر بیگس موجود ہوتے ہیں۔ باہر سے گاڑیاں منگوانے کے لیے ایک پالیسی لائی گئی تھی ایس آر او 521 میں کہا گیا تھا کہ جو باہر سے گاڑی لائے گا وہ ڈالر ڈیوٹی بھی لائے گا جو کہ ناممکن ہے۔ واضح رہے کہ سالانہ 80 ہزار گاڑیاں باہر سے آتی تھیں اور 2018 میں 84 ہزار گاڑیاں آئی تھی جس کی وجہ سے 100 ارب روپے کا ریونیو حکومت کو ملا تھا۔

## ویمن چیمبر آف کامرس کوئٹہ کا لائسنس منسوخ

کراچی (بزنس ڈیسک) وزارت تجارت نے بلوچستان ہائیکورٹ کے حکم پر ویمن چیمبر آف کامرس کوئٹہ کا لائسنس کینسل کردیا اس سلسلے میں وفاقی سیکریٹری کامرس صالح فاروقی نے آرڈر بھی جاری کردیا ہے، کمیٹی روم، وزارت کامرس میں گزشتہ بدھ کو سماعت ہوئی تھی اور دو روز کے بعد سیکریٹری تجارت نے آرڈرز جاری کردیا۔

# کراچی چیمبر چھوٹے تاجروں کو تنہا نہیں چھوڑیگا، شارق وہرا

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ایم شارق وہرا نے کہا ہے کہ چھوٹے تاجروں اور دکانداروں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، اگر حکومت کورونا پھیلنے کے پیش نظر کسی بھی مارکیٹ میں دوبارہ لاک ڈاؤن یا اسمارٹ لاک ڈاؤن لگاتی ہے تو کے سی سی آئی اپنی ہر ممکن کوشش کریگا کہ کسی دکاندار کے ساتھ ناانصافی نہ ہو تاہم دکانداروں کو ایس او پیز اور کاروباری اوقات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے آل سٹی تاجر اتحاد کے صدر حمد پونا والا کی سربراہی میں وفد سے ساتھ تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہی۔ شارق وہرا نے کہا کہ کراچی چیمبر حکومت سے مستقل رابطے میں ہے اور کورونا کے پھیلاؤ پر قابو پانے کی حکمت عملیوں پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے لہٰذا چھوٹے تاجروں، دکانداروں کو کسی بھی مسئلے کا سامنا ہو تو اسے کے سی سی آئی کے علم میں لایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ چھوٹے تاجر صبح سویرے اپنا کاروبار کھولنے کا آغاز کریں، پوری دنیا میں دکانیں اور بازار صبح سویرے کھلتے ہیں اور شام کو بند ہوجاتے ہیں جسے یہاں بھی اپنایا جانا چاہیے کیونکہ ہمارا مذہب بھی ہمیں یہی سکھاتا ہے۔

# چوری شدہ گاڑیوں کی ریکوری کیلئے TrakkerPro کا آغاز

کراچی (نیوز ڈیسک) جدت کے تسلسل سے اپنی وابستی کے پیش نظر پاکستان کی معروف IoT کمپنی TPL Trakker نے صنعت میں پہلی مرتبہ TrakkerPro کا آغاز کیا ہے۔ TrakkerPro کے ذریعے TPL Trakker نے صارفین کو اطمینان اور ذہنی سکون فراہم کرنے کے لئے اضافی اقدامات اٹھائے ہیں۔ اگر کسی غیر متوقع صورتحال کے باعث کمپنی صارفین کی چوری شدہ کار کی بازیابی نہ کرسکے تو TrakkerPro صارفین کو ان کی کار کی قیمت کے برابر رقم فراہم کرے گی۔

## معاشی صورتحال میں جلد مزید بہتری آئے گی، گورنر اسٹیٹ بینک

لاہور (بزنس ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک رضا باقر نے کہا ہے کہ معاشی اشاریے مثبت ہیں، جلد مزید بہتری بھی آئیگی، اسٹیٹ بینک ڈیجیٹل فنانشل سروسز پر زیادہ توجہ مرکوز کررہا ہے اور ایسا نظام لا رہا ہے جہاں سیکنڈوں میں ادائیگی ہوجائے گی، ایکسچینج ریٹ اب مارکیٹ فورس کے تحت طے ہو رہا ہے جو بہتر اثرات مرتب کررہا ہے۔ لاہور چیمبر میں انہوں نے کہا کہ شرح سود میں 6 فیصد کمی واقع ہوئی ہے اور ایکسچینج ریٹ اب دوطرفہ ترتیب سے چل رہا ہے، ڈاکٹر رضا باقر نے اسٹیٹ بینک کے اقدامات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حالیہ دنوں میں متاثرہ کاروباروں کی سہولت کیلئے اسٹیٹ بینک نے سود کی شرح میں کمی کی ہے، انہوں نے کہا کہ ہم نے تقریباً 650 ارب روپے کی اصل ادائیگی ملتوی کی ہے جن میں سے 90 فیصد فائدہ اٹھانے والے چھوٹے کاروباری ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## پرنٹنگ کارپوریشن کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:PCP.1-7/2020P&D
وائٹ آفسیٹ پیپر لوکل،20x30 سائز،68 گرام،
تعداد:530 ریم
وائٹ آفسیٹ پیپر لوکل،23x36 سائز،68 گرام،
تعداد:25 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:23 نومبر 2020ء
برائے رابطہ:یونیورسٹی روڈ، کراچی۔
فون:021-99231020
3۔چترجی روڈ، اردو بازار، لاہور۔
فون:042-37210095

## شپنگ کارپوریشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
PRCD/PRNTG/STNRY/2020/048

اسٹیشنری کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:20 نومبر 2020ء
برائے رابطہ:جنرل منیجر (پروکیورمنٹ)،
پہلی منزل،PNCS بلڈنگ، ایم ٹی خان روڈ، کراچی۔
فون:021-99203980-99 EXT:353-390

## ویٹرنیری یونیورسٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:0063/2020
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:19 نومبر 2020ء
برائے رابطہ:انچارج پرچیز سیل، آؤٹ فال روڈ، لاہور۔
فون:042-99211449-50 EXT:138

## انفارمیشن اینڈ کلچر ڈپارٹمنٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:I&C/01/2020-21
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:20 نومبر 2020ء
برائے رابطہ:سیکشن آفیسر (جنرل)،46-B، احمد بلاک،
گارڈن ٹاؤن، لاہور۔
فون:042-99232111

## FBR کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:ACCT:/RTO/HYD/20-21/422
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:30 نومبر 2020ء
برائے رابطہ: آفس چیف کمشنر، ان لینڈ ریونیو، ریجنل ٹیکس آفس،
SITE,A-49 ایریا، حیدرآباد۔

## پی آئی اے کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:DGMPC/Stationary/002/20
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:25 نومبر 2020ء
برائے رابطہ: سپلائی چین مینجمنٹ، کمرشل پرچیز سیکشن، پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن، ایئر پورٹ، کراچی۔
فون:021-99043304

## یونیورسٹی آف پنجاب کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:Tender-1
وائٹ پرنٹنگ پیپر، سائز68,17x27 گرام، تعداد:3500 ریم۔
وائٹ پرنٹنگ پیپر، سائز68,18x23 گرام، تعداد:2500 ریم۔
وائٹ پرنٹنگ پیپر، سائز68,23x36 گرام، تعداد:1000 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 نومبر 2020ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ونگ، دوسری منزل، ایڈمن بلاک، قائد اعظم کیمپس، لاہور۔
فون:042-99233105

## پنجاب فوڈ اتھارٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

بک لیٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:20 نومبر 2020ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ کمیٹی،83-C، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور۔

## انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
NIBAF/PROC/NFLPY/434/2020
بک لیٹس کی پرنٹنگ اور سپلائی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 نومبر 2020ء
برائے رابطہ: آفس، سیکٹر H-8/1، پطرس بخاری روڈ، اسلام آباد۔
فون:051-9258269

## کورونا، تاجروں کا مارکیٹوں میں آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ

کراچی (بزنس ڈیسک) آل کراچی تاجر اتحاد کے چیئرمین عتیق میر نے کہا ہے کہ ایس او پیز پر عملدرآمد کیلئے انتظامیہ سے مکمل تعاون اور مارکیٹوں میں آگاہی مہم شروع کرینگے، انتظامیہ کو چند تاجروں کی بے احتیاطی کی سزا پوری مارکیٹ کو دینے کی حمایت نہیں کرینگے، حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ماسک نہ پہننے پر جرمانے کی رقم 100 روپے کی جائے، یہ اعلان انہوں نے آرام باغ فرنیچر مارکیٹ میں منعقد کیے گئے تاجروں کے ایک ہنگامی اجلاس میں کیا جس میں تاجر نمائندگان اکرم رانا، شیخ عالم اور دیگر شریک تھے، اجلاس میں تاجروں کو تاکید کی گئی کہ کورونا کی روک تھام میں مکمل احتیاط برتی جائے، مارکیٹوں میں ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، دکانوں پر ماسک کی لازمی پابندی کی جائے، اس موقع پر عتیق میر نے تاجر برادری سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں گزشتہ لاک ڈاؤن کے نقصانات سے سبق سیکھنا ہوگا، تاجر اب دوبارہ سخت لاک ڈاؤن کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے تاجروں کو ایس او پیز پر مکمل عمل کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ بے احتیاطی کے مرتکب تاجروں کے خلاف جرمانوں اور دکانیں سیل کرنے کا دفاع نہیں کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور مجسٹریٹس کی صفوں میں موجود بدعنوان عناصر کا لوٹ سیزن شروع ہوگیا ہے، وزیر اعلیٰ سندھ، کمشنر اور پولیس کے افسران بالا کو ہدایت کریں کہ تھانوں کی کارکردگی پر نگاہ رکھیں۔

## اوورلوڈنگ سے شاہراہیں تباہ ہورہی ہیں، گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کا ہنگامی اجلاس مرکزی رہنما محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں اوور لوڈنگ کی روک تھام کے لئے قانون پر عملدرآمد نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں جس میں ایسوسی ایشن کے رہنماؤں محمد اظہر قادری، حاجی الیاس بابر، حاجی ناظم الدین بردی، حاجی محمد اظہر سراج، چوہدری عاطف، چوہدری گل شیر، چوہدری بشارت، حاجی ظفر، چوہدری مزمل، ماجد زمان اعوان، اعجاز گجر، حاجی امتیاز سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اظہر قادری نے کہا کہ ادارے نا اہلی کی تمام حدیں پار کر چکے ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ وزیر اعظم عمران خان اس کا نوٹس لیں۔ ملک میں شاہراہوں کی تعمیر پر عوام کے خون پسینے کے ٹیکسوں سے اربوں روپے کے اخراجات آتے ہیں لیکن ادارے اس کی تباہی میں لگے ہوئے ہیں۔ اوورلوڈنگ کی وجہ سے نہ صرف شاہراہیں تباہ ہورہی ہیں بلکہ حادثات بھی رونما ہوتے ہیں جسے کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ اوور لوڈنگ کے قانون پر عملدرآمد کے مطالبے کا مقصد اربوں روپے سے تعمیر ہونے والی شاہراہوں کو تباہی سے بچانا ہے۔ اگر حکومت کے ادارے فاضل عدالت کے حکم کو کسی خاطر میں نہیں لا رہے تو اس کی ذمہ داری ریاست کے سربراہ پر عائد ہوتی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## ریفنڈز میں تاخیر نہ ہو سسٹم کو فاسٹر پلس کر دیا، چیف کمشنر کارپوریٹ

کراچی (نیوز ڈیسک) چیف کمشنر کارپوریٹ ٹیکس آفس (سی ٹی یو) کراچی ڈاکٹر آفتاب امام نے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ریفنڈز کی ادائیگی میں تاخیر نہ ہو، سیلز ٹیکس ریفنڈ کے فاسٹر سسٹم کو فاسٹر پلس کر دیا گیا ہے جس سے ریفنڈز کی ادائیگی 42 سے 72 گھنٹوں کے درمیان ہوجاتی ہے۔ پی ایچ ایم اے ہاؤس میں پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (پی ایچ ایم اے) کے زیر اہتمام ایکسپورٹرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایف بی آر میں ایک نئے سافٹ ویئر پر کام ہو رہا ہے جس سے فلائنگ اور بوگس انوائسز کا فراڈ ختم ہوجائے گا۔ چیف کوآرڈینیٹر محمد جاوید بلوانی نے سیلز ٹیکس ریفنڈ کے فاسٹر پلس سسٹم کو سراہتے ہوئے کہا کہ نئے نظام سے ریفنڈز ادائیگیوں میں تیزی آئی ہے اور اس سے برآمدات کے فروغ میں بہت مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ برآمد کنندگان کو پوسٹ ریفنڈ آڈٹ، انکم ٹیکس اور ود ہولڈنگ ٹیکس سے متعلق بڑی تعداد میں نوٹسز مل رہے ہیں جن میں بہت زیادہ دستاویزات مانگی جارہی ہیں جس پر ڈاکٹر آفتاب امام نے کہا کہ برآمدکنندگان ادائیگیوں کے ثبوت وشواہد اور اسٹاکس کے بارے میں دستاویزات بھیج دیں کیونکہ آڈٹ میں انہی دونوں چیزوں کی بنیادی اہمیت ہے۔

## ملک میں کرپٹوکرنسی پر پابندی نہیں، اسٹیٹ بینک

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے کرپٹوکرنسی پر پابندی سے متعلق درخواست پر تحریری جواب جمع کرانے کے لیے وفاقی حکومت کو آخری مہلت دے دی ہے۔ جسٹس کے کے آغا اور جسٹس امجد علی سہتو پر مشتمل دو رکنی بینچ کے روبرو ڈیجیٹل کرپٹوکرنسی پر پابندی سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ معروف پاکستانی یو ٹیوبر، اینکر، سماجی کارکن اور پاکستان ٹیکنالوجی موومنٹ کے بانی وقار ذکا نے اپنی درخواست میں مؤقف اختیار کیا تھا کہ ایف آئی اے کرپٹوکرنسی استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کر رہی ہے، اسے روکا جائے۔ اس پر ڈپٹی اٹارنی جنرل نے جوابی مؤقف جمع کروانے کے لیے مہلت مانگی۔ اسٹیٹ بینک کے وکیل کا کہنا تھا کہ پاکستان میں کرپٹوکرنسی پر پابندی نہیں لگائی۔ جسٹس امجد علی سہتو نے ریمارکس دیئے کہ آپ کہہ رہے ہیں کرپٹوکرنسی میں کاروبار سے نہیں روکا؟ لیکن کسی کے تحفظ کے لیے کوئی گارنٹی بھی نہیں دے رہے؟ وقار ذکا نے مؤقف دیا کہ اسٹیٹ بینک بٹ کوائن کا اکاؤنٹ نہیں کھول رہا، جس پر اسٹیٹ بینک کے وکیل نے کہا کہ کرپٹوکرنسی کو ملک میں ریگولرائزڈ نہیں کیا گیا، اسٹیٹ بینک نے صرف وارننگ جاری کی ہے۔ عدالت نے ڈپٹی ڈائریکٹر سائبر کرائم کو ذاتی حیثیت سے طلب کرتے ہوئے تحریری جواب جمع کرانے کے لیے وفاقی حکومت کو آخری مہلت دی۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 17 دسمبر تک ملتوی کر دی ہے۔

## ایف بی آر بلاجواز نوٹسز بھیج کر خوفزدہ نہ کرے، تاجر رہنما

کراچی (نیوز ڈیسک) بزنس مین گروپ کے رہنما اور ایف پی سی سی آئی میں لاء اینڈ آرڈر کمیٹی کے کنوینر عبدالرزاق اگر نے کہا ہے کہ ایف بی آر تاجروں کو نوٹس کا سلسلہ بند کرے، تاجر برادری کو بلا کسی جواز نوٹس بھیج کر خوف کی صورتحال پیدا کی جارہی ہے۔ تاجروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے کرپٹ اور بدعنوان افسران تاجروں کو پریشان کر کے ٹیکس سے فرار کرانے میں مصروف ہیں جس کی وجہ سے معیشت کو بھاری نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے، حکومت ایف بی آر سمیت ہر شعبے میں موجود کرپٹ افسران کے خلاف کارروائی کرے۔ عبدالرزاق اگر نے مزید کہا کہ پورٹ اینڈ شپنگ کے وزیر علی زیدی صرف تسلیاں دے رہے ہیں لیکن مسائل حل نہیں کر رہے ہیں جس کی وجہ سے سرمایہ کار اذیت کا شکار ہیں۔ صنعتکار گزشتہ کئی ماہ سے شپنگ کمپنیوں کی من مانی کی وجہ سے پورٹ پر پھنسے ہزاروں کنٹینر کلیئر کرانے میں مصروف ہیں لیکن کوئی سننے کیلئے تیار نہیں ہے، اس کے علاوہ پورٹ قاسم پر زمینوں کے لیے سرمایہ کاروں کی جانب سے 20 سال قبل پیسے ادا کر دیے لیکن انہیں زمینیں نہیں دی جارہی ہیں۔

## ٹیکس گوشوارے جمع کرانیکی شرح میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی شرح میں 2018 ٹیکس سال کے دوران 17.1 فیصد اضافہ ہوا۔ ایف بی آر کے مطابق ٹیکس سال 2016 میں 1.5 ملین گوشوارے جمع کرائے گئے جبکہ 2017 میں تعداد 1.9 ملین تک پہنچ گئی اور 2018 کے دوران وصولی 2.2 ملین تک بڑھ گئی۔ توقع ہے کہ 2019 کیلئے گوشوارے جمع کرانے کی شرح میں مزید اضافہ ہوگا۔

## خدمات پر سیلز ٹیکس محصولات میں 31 فیصد اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزارت خزانہ کی رپورٹ کے مطابق جولائی تا ستمبر 2020 کے دوران خدمات پر سیلز ٹیکس وصولیاں 58.49 ارب روپے تک بڑھ گئیں جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ کے دوران محصولات کا حجم 51.77 ارب روپے تھا۔ گزشتہ مالی سال کے پہلے تین ماہ کے مقابلہ میں رواں مالی سال کے اسی عرصہ کے دوران خدمات پر سیلز ٹیکس وصولیوں میں 6.72 ارب روپے جمع ہوئے یعنی 13 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

021-32632362

0308-2933229



**BOHI ART CARD**
**Hi BULK**
*210, 250, 300, 350 Gsm.*

**GOLDEN SUN**
**MATT & ART PAPER**
*90, 104, 113, 128, 148 Gsm.*

**NINGBO BLEACH**
*Rolls + Sheets*

**Colour Cards**

**CHAND TRADERS**

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandt@ptcl.net





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ٹیکس گزاروں کی سہولت کیلئے کمیٹیاں بنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس گزاروں کو جاری بھاری بھرکم نوٹسز کی حقیقت جانچنے، طویل مقدمہ بازی سے بچنے اور ان کا موقف سننے کیلئے ملک بھر کے ان لینڈ ریونیو سروسز کے دفاتر میں اسیسمنٹ اور سائٹ کمیٹیاں بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں ایف بی آر نے پروسیجر کا اعلان کر دیا، ایف بی آر نے کمیٹیوں کے کام کے طریقہ کار کا بھی تعین کر دیا جس کے مطابق ہر ٹیکس گزار یا عام فرد جسے محکمے کی جانب سے ٹیکس کا نوٹس موصول ہو وہ اس پر ان لینڈ ریونیو سروس کو جواب دینے سے پہلے اگر اسیسمنٹ او ورسائٹ کمیٹی سے رجوع کریگا تو ان لینڈ ریونیو سروس اس وقت تک اس کے خلاف حتمی اسیسمنٹ نہیں کر سکے گی، کمیٹی انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 22D کے تحت ٹیکس گزار کو سننے کا موقع فراہم کرے گی اور ٹیکس گزار کی جانب سے اپنے دفاع میں پیش دستاویزات کا جائزہ لینے کے بعد ان لینڈ ریونیو دفاتر کو اپنی سفارشات ارسال کریگی، اس طرح ٹیکس گزاروں کو دفاع کا پورا موقع میسر آسکے گا، طورخم بارڈر پر افغانستان اور وسط ایشیائی ریاستوں کو بھجوائے اور لائے جانے والے تجارتی مال کے وزن کے تعین کی سہولت بھی ختم کر دی گئی ہے اور فیصلہ کیا گیا ہے کہ مستقبل میں تجارتی مال کے وزن کا تعین چمن بارڈر کسٹمز پوسٹ پر ہوگا۔

# 38لاکھ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے کام کر رہے ہیں، سمیڈا

